13960-فروخت کے وقت کمیشن کی مقدار کیا ہے

سوال

دلال کی کمیشن کے بارہ میں بہت جھگڑا چل نکلا ہے کہ اس کی مقدار کیا ہوگی بعض اوقات اڑھائی فیصد، اور بعض اوقات پانچ فیصد لیتے ہیں، لھذا شرعی کمیشن کیا ہے، یا کہ بائع اور تاجر کے مابین اتفاق کے مطابق ہوگی؟

پسندیدہ جواب

جب خریدار اور تاجر کے مابین اتفاق ہوا ہو کہ وہ خریدار یا پھر بائع یا دونوں سے ہی معلوم مقدار میں کمیشن لے گا تو جائز ہے، کمیش کا کوئی تناسب مقرر نہیں، بلکہ کمیش دینے والا جس پر متفق ہوجائے یہ جائز ہے، لیکن یہ اتنی ہونی چاہیے جو عام طور پر لی جاتی ہے اور لوگوں میں معروف ہے جو دلال کی محنت اور کوشش کے عوض میں اسے بطور نفع حاصل ہوتی ہے، تاکہ خریدار اور تاجر کے مابین سودا طے پاجائے، اور اس میں نہ تو خریدار کو نقصان ہو اور نہ ہی بائع کو، اور عادت کے زیادہ بھی نہیں ہونی چاہیے.